بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

حوالہ نمبر: AM-1 1010 -1446/s

تاریخ: 04-03-1446
09-09-2024

گرامی قدر حضرت مولانا.............................. صاحب زید مجدہم

مسئول: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ وفاق المدارس کے تحت تمام درجات (ماسوائے حفظ) کے داخلے آن لائن کر دیئے گئے ہیں۔ درجہ کتب کا کوئی داخلہ، فارم پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ جس درجہ تک مدرسہ کا الحاق ہوگا اُسی درجہ تک آن لائن داخلے ہوسکیں گے۔ اس سے فوقانی درجات کے آن لائن داخلے اس وقت تک نہیں ہوسکیں گے جب تک اس درجہ میں ترقی الحاق نہیں کروالیں گے۔ لہٰذا ایسے مدارس کو تاکید کی جائے کہ وہ جلد از جلد ترقی الحاق کروالیں تاکہ آن لائن داخلوں میں مشکلات نہ ہوں۔ نیز جن مدارس کی تجدید الحاق کی مدت پوری ہوچکی ہو وہ اپنی تجدید الحاق کروالیں۔

ترقی الحاق اور تجدید الحاق کے فارم وفاق کی ویب سائٹ پر دے دیئے گئے ہیں۔ ہر مدرسہ اپنی آئی ڈی سے بذریعہ خفیہ کوڈ اپنا ترقی الحاق فارم یا تجدید الحاق فارم ڈاؤن لوڈ کرسکتا ہے۔ یہ فارم پُر کرکے مسئول وفاق کی سفارش، سابقہ سند الحاق اور فیس کے ثبوت کے ساتھ مرکزی دفتر وفاق ملتان کو بھجوائیں۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Email:wifaqulmadaris@gmail.com Ph:061-6514525-6-7 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org